© rasailojaraid.com



# ارشاداتِ قائدِ اعظمؒ

پاکستان قائم رہنے کے لیے بنا ہے۔ یہ ہمیشہ قائم رہے گا اور اپنا وہ عظیم کردار ادا کرتا رہے گا جو اس کے مقدر میں لکھا جا چکا ہے۔

---

پاکستان کی سرزمین میں زبردست خزانے چھپے ہوتے ہیں مگر اس کو ایک ایسا ملک بنانے کے لیے جو ایک مسلمان قوم کے شایانِ شان ہو ہمیں اپنی قوت اور محنت کے زبردست ذخائر کا ایک ایک ذرہ صرف کرنا اور اس کی تعمیر میں دل و جان سے حصہ لینا ہوگا۔

---

اگر ہم مملکتِ پاکستان کو خوش حال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی پوری توجہ تمام لوگوں اور بالخصوص غریب طبقوں کی فلاح و بہبود پر مرتکز کرنا لازمی ہے۔

---

آپ کو اپنے صوبے کی محبت اور اپنے ملک کی محبت کے درمیان امتیاز کرنا چاہیے۔ ملک کی محبت اور مملکت کی طرف سے عائد کردہ فرائض ہمیں ایک ایسی سطح پر لے جاتے ہیں جو صوبائی محبت سے بالاتر اور ماورا ہے۔

---

کشمیر سیاسی اور فوجی اعتبار سے پاکستان کی شہ رگ ہے۔ کوئی خوددار ملک اور قوم یہ برداشت نہیں کر سکتی کہ اپنی شہ رگ کو دشمن کی تلوار کے حوالے کر دے۔

---

آپ ایسی قوم ہیں جس کی تاریخ حیرت انگیز طور پر بلند کردار، بلند حوصلہ، بہادر، اور اولوالعزم ہستیوں سے بھری پڑی ہے۔ اپنی ملی روایات کے دامن کو مضبوطی سے تھام لیجیے اور اپنی تاریخ میں شان و شوکت کے ایک اور باب کا اضافہ کیجیے۔

---

© rasailojaraid.com